پریس ریلیز

فریضہ حج عظیم عبادت، زائرین اپنی ادویات وصحت کا خیال رکھیں :ڈاکٹر محمد مقصود

زائرین موسمیاتی سختیوں اور سعی کی دشواریوں سے بچنے کیلئے ابھی سے تیز پیدل چلنے کومعمول بنائیں

شوگر، بلڈ پریشر، امراض قلب میں مبتلا افراد پانی اور ادویات ساتھ رکھیں :ڈاکٹر لیلیٰ شفیق /ڈاکٹر نادیہ ارشد

لاہور28اپریل:...... لاہور جنرل ہسپتال کے اسسٹنٹ پروفیسر آف میڈیسن ڈاکٹر محمد مقصود نے کہا ہے مناسک حج عظیم عبادت ہے جس کی ادائیگی کے لئے حاجیوں کو طویل پیدل سفر کرنا پڑتا ہے جو اُن کے لئے تھکاوٹ ، جسمانی کمزوری اور دیگر مسائل کا موجب بنتا ہے ۔انہوں نے کہا کہ حج پر جانے والے افراد دشواریوں سے بچنے کیلئے زائرین ابھی سے تیز پیدل چلنے کومعمول بنائیں اور زیادہ سے زیادہ واک کریں تاکہ انہیں دوران حج موسمیاتی سختیوں اور سعی کی دشواریوں میں دقت کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔پروفیسر محمد مقصود نے کہا کہ بالخصوص ایسے افراد جو شوگر، بلڈ پریشر، امراض قلب اور جوڑوں کے درد میں مبتلا ہوں وہ اپنی صحت کا خصوصی خیال رکھیں اور دوران حج پانی کے ساتھ ساتھ اپنی ادویات کا بھی خیال رکھیں ۔

ان خیالات کا اظہار محمد مقصود نے حاجیوں کو احتیاطی تدابیر اور آگاہی معلومات فراہم کرنے سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کیا ۔اس موقع پر ڈاکٹر لیلیٰ شفیق اور ڈاکٹر نادیہ ارشد کا کہنا تھا کہ میدان عرفات اور مزدلفہ میں قیام اور پیدل سفر کے علاوہ بیت اللہ کا طواف اور دیگر مناسک کی ادائیگی میں بھی کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس میں اگر حاجیوں کو پہلے سے معلومات نہ ہوں تو نامناسب صورتحال کا سامنا کرنے میں کافی دشواری پیش آتی ہے ۔انہوں نے کہا کہ سعودی حکومت کی جانب سے تمام تر بہترین انتظامات کے باوجود حاجیوں کے رش کی وجہ سے ضعیف العمر اور بیماریوں میں مبتلا لوگوں کو حبس و سانس لینے میں دشواری اور گھبراہٹ کا سامنا ہوتا ہے لہٰذا بزرگ خواتین وحضرات اپنی صحت کا خاص طور پر خیال رکھیں ۔طبی ماہرین کا کہنا تھا کہ سعودی عرب میں موسم بھی شدید ہوتا ہے، حاجی سفر کے دوران پانی ،گیلا تولیا اور چھتری ساتھ لازمی رکھیں اور اپنے معالجین کی ہدایات کے مطابق شوگر، بلڈ پریشر، امراض قلب و دیگر بیماریوں سے متعلق روزمرہ کی ادویات ساتھ رکھیں تاکہ کسی ناگہانی صورتحال میں انہیں کسی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اور خود اپنی ادویات وقت پر لے کر صحت کو برقرار رکھ سکیں ۔

☆☆☆☆